UNIVERSAL LIBRARY
OU_188865
UNIVERSAL LIBRARY

جملہ حقوق محفوظ ہیں

# سیربیٹن مرقع چین

تمام نقشہ کتاب میں دیکھا
Checked 1975

جسمیں

چین - جاپان - لنکا - برہما - تبت - و بعض جزایر وغیرہ

کے حالات و واقعات و رسم و رواجات وغیرہ درج ہیں۔

جو

بیادگار تشریف آوری نواب گورنر جنرل کشور ہند مرتب و
شائع کی گئی جس کے پڑھنے سے معلومات کو وسعت ہوتی ہی اور طبیعت محظوظ

مرتبہ

حافظ محمد عبد المجید خانصاحب وکیل ہائیکورٹ مولف
دستور العمل گرداوران و ضابطہ عثمانیہ وغیرہ

مطبوعہ مطبع اقبال دکن واقع رزیڈنسی بازار
۱۳۲۳ف م ۱۹۱۳ء

طبع اول ۵۰۰ ۱۰ اجزا قیمت فی نسخہ ۶/

# ڈیڈیکیشن

مین اس ناچیز کتاب کو جس کو مین نے ایک سال محنت کر کے کتب و
اخبار ہائے متفرقہ سے تالیف کیا ہے۔ قدردان و ہنر شناس فیض
رسان عالیجناب راجہ رائے مرلیدہر صاحب بہادر معتمد صرفخاص
و پیشی اعلیحضرت قدر قدرت کے نام نامی و اسم گرامی سے بلحاظ اپنی
عقیدت مندی اور حسب مذاق سعر کی قدردانی کے منسوب و معنون کرتا ہون
حافظ محمد عبدالمجید خان وکیل درجہ اول مولف ضابطۂ عثمانیہ وغیرہ

## جواب

بخوشی بہ افتخار منظور کرتا ہون۔ مگر میرا خیال ہے کہ باسم نام نامی و
گرامی اعلیحضرت ڈیڈیکیٹ کیا جاتا تو احسن تھا

شرحہ دستخط۔ ر۔ آ۔ مرلیدہر معتمد صرفخاص

نوٹ جس کتاب پر مولف کے دستخط نہون مسروقہ سمجھی جائے۔

# خلاصہ تقاریظ اہل علم

۱

یہہ رسالہ بہت سے عمدہ معلومات پر شامل ہے اس کے مضامین کی ترتیب بھی نہایت مناسب ہے - اگر اس پر نظر ثانی کرلی جائے تو اس کی خوبی اور زیادہ ہوجائے گی خصوصاً جاپانی ترقیوں کے اسباب پر کافی بحث کرنی چاہئے کیونکہ جاپان کا اس تھوڑے سے زمانہ میں اس قدر معراج کمال پر پہونچنا اہل ہند کے لئے عمدہ نمونہ ہے بہرحال یہہ کتاب نہایت عمدہ و قابل شرکت کورس اور قابل قدر ہے - عبدالقادر محمد صدیقی پروفیسر دارالعلوم

اس رسالہ میں لایق مولف نے ان ممالک ایشیا کے دلچسپ
حالات جمع کئے ہیں جن میں بدھ مذہب کی حکمرانی ہے اور اس کے
ساتھ ہندوستان کے ملحق بعض جزیروں کے حالات بھی لکھے ہیں
رسالہ کے دیکھنے سے مولف کے قابل قدر تلاش و تجسس کا پتہ
چلتا ہے مضامین کے اعتبار سے گو اس رسالہ کو نہ جغرافیہ کہہ سکتے
ہیں اور نہ تاریخ تاہم مفید معلومات کا ایک مجموعہ ضرور ہے اس کو اگر
ابتدائی تعلیم کے نصاب میں شریک کیا جائے تو بچوں کے لئے
مفید اور دلچسپ ہوگا میری رائے میں مصنف کی کوشش قابل
قدر ہے۔ محمد عبدالواسع۔ پروفیسر دار العلوم

بچوں کو فطرۃً قصوں کی طرف رغبت ہوتی ہے اور ایسی
کتابیں وہ بہت رغبت سے پڑھتے ہیں قابل مولف نے [illegible]

اس رسالہ کو بہت قابلیت سے فراست کے ساتھ لکھا ہے اگر ابتدائی تعلیم مین داخل ہوگا میرے خیال مین بہت مفید ہوگا — سید احمد حسین پروفیسر دار العلوم

واقعی مہتمم صاحب نے جو ارشاد فرمایا ہے حق بجانب ہے مجھکو امید ہے کہ حضور رئیس جناب ناظم صاحب اس رسالہ کو دیکھکر نہایت خوش ہونگے اور ضرور داخل کورس کا حکم صادر فرمائینگے فقط

مدرس دار العلوم

اس رسالہ کو مین نے ابتدا سے انتہا تک دیکھا اسمین شک نہین کہ ذی علم مولف نے بہت محنت و مشقت کی ہے اور تھوڑی عبارت سے نہایت بہت سے معلومات حاصل کئے ہین ناظرین نے بہت داد دی ہے مین بھی کل ناظرین سے

۲
اس رسالہ مین لایق مولف نے اون ممالک ایشیا کے دلچسپ
حالات جمع کئے ہین جن مین بدہ مذہب کی حکمرانی ہے اور اس کے
ساتہہ ہندوستان کے ملحق بعض جزیرون کے حالات بھی لکھے ہین
رسالہ کے دیکھنے سے مولف کے قابل قدر تلاش و تجسس کا پتہ
چلتا ہے مضامین کے اعتبار سے گو اس رسالہ کو نہ جغرافیہ کہہ سکتے
ہین اور نہ تاریخ تاہم مفید معلومات کا ایک مجموعہ ضرور ہے جس کو اگر
ابتدائی تعلیم کے نصاب مین شریک کیا جائے تو بچون کے لیے
مفید اور دلچسپ ہوگا میری رائے مین مصنف کی کوشش قابل
قدر ہے۔ محمد عبدالواسع۔ پروفیسر دارالعلوم

۳
بچون کو فطرۃً قصون کی طرف رغبت ہوتی ہے اور ایسی
کتابین وہ بہت رغبت سے پڑھتے ہین قابل مولف نے بھی اسی پیرایہ

اس رسالہ کو بہت قابلیت سے فراست کے ساتھ لکھا ہے
اگر ابتدائی تعلیم مین داخل ہوگا میرے خیال مین بہت مفید
ہوگا ۔ سید احمد حسین پروفیسر دارالعلوم

واقعی مہتمم صاحب نے جو ارشاد فرمایا ہے حق بجانب ہی
مجھکو امید ہے کہ ضرور عالیجناب ناظم صاحب اس رسالہ کو دیکھکر
نہایت خوش ہونگے اور ضرور داخل کورس کا حکم صادر
فرماینگے فقط ۔ مدرس دارالعلوم

اس رسالہ کو مین نے ابتدا سے انتہا تک دیکھا اسمین
شک نہین کہ ذی علم مولف نے بہت محنت و مشقت کی ہے
اور تہوڑی عبارت مین بہت سے معلومات مستعمل کئے ہین
ناظرین نے بہت داد دی ہے مین بھی کل ناظرین سے

اتفاق کرتا ہون کہ یہہ رسالہ اگر کورس مین داخل کیا جائے تو
پرائمری طلبا کے لئے بہت مفید ہوگا - لہذا مین امید کرتا ہون
کہ عالیجناب جناب ناظم صاحب منظور فرماکر کورس مین داخل
فرمانیکا حکم نافذ فرمائینگے اور مولف صاحب کی محنت وجانفشانی
کو ممنون فرمائینگے فقط احقر العباد الہی بخش پروفیسر دارالعلوم سرکاری
یہہ حالات جو درج کتاب ہین اکثر اشخاص ان سے واقف
نہین ہین جسطرح دیگر ممالک کے حالات سے لوگ واقف ہین
چین وتبت سے بہت کم واقف ہین جناب مولوی حافظ محمد عبدالمجید خان صاحب نصفا
وکیل ہائیکورٹ نے نہایت مفید حالات سے ناظرین کو
واقف کیا جس کا ممنون ہونا لازم آتا ہے مولوی صاحب نے
بے شک نہایت عرق ریزی سے حالات کو جمع کیا ہے ناظرین کے

طبقہ سے پہلا شکر گذار مین ہون جس کی قدر تہ دل سے
کرتا ہون فقط سید جعفر حسین مجسٹریٹ درجہ اول
کتاب ہذا موسومہ (سیر ہین) کو ابتدا سے انتہا تک مین نے
دیکھا قابل مولف کی اعلیٰ قابلیت قانونی اور نظائر سرکارین مین
جس قدر وسعت نظر حاصل ہے اوس کا تجربہ تو مجکو تہا اسوجہ سے
کہ ایک زمانہ دراز تک صاحب موصوف نے بے حد حزم
و احتیاط اور نہایت دیانت ولیاقت سے میرے اجلاس پر کام کیا
اور ہر وقت صاحب موصوف کی قابلیت قانونی سے کافی مدد
ملتی رہی مگر علم تاریخ مین وسعت نظر اور کافی معلومات کا علم اس
کتاب کے دیکھنے سے ہوا۔ کتاب ثابت کرتی ہے کہ لائق مولف
کو نہ فقط قوانین و نظایر سرکارین سے ہی پر کافی عبور ہے بلکہ دیگر

علوم میں بھی دستگاہ کافی حاصل ہے جو باعث مسرت خیال کیا جاتا
ہے۔ اس کے قبل ہم اکتب قانونی موسوم بمصباح النظائر
ومفتاح النظائر واختصار النظائر بالِ عمدہ لیاقت اور قابلیت
اور نئے طرز و ترکیب سے تالیف کئے گئے ہیں جس کا نتیجہ
ہوا کہ بلحاظ عمدگی و فوائد تالیف بکثرت اخباروں میں بقول
اخبار مشیر دکن ۴۵ ۱۔ اخبارات نے ریویو کیا۔ اور سب نے
واقعی اور حقیقی قابلیت کا اعتراف کیا۔ کتاب ہذا بھی اسی کی مستحق ہے کہ
جو دیکھے گا وہ مولف کی وسعت معلومات کا معترف ہوگا علی الخصوص
مضامین جغرافی سے تو اور بھی معلومات کا درجہ بلند ہوگیا ہے
اگر اس قسم کے کتب تعلیمات کے کورس میں داخل کئے جائیں تو بحد
باعث فائدہ مندی ہے فقط حقیر غلام سید غفر لہٗ جائنٹ مجسٹریٹ۔

یہہ رسالہ چند اوراق کا مختصر وجامع مفید مجموعہ ہے یہہ
مجموعہ ذی مؤلف کی وسعت معلومات علم تاریخ کا پتا دیتا ہے
جیسا کہ اکثر تالیفات قانونی مولف ممدوح نے شہرت تامہ حاصل
کی ہے دینی نوعیت کے اعتبار سے یہہ مجموعہ بھی اوسی قدر معروف
ومشہور ہوگا میں اس کا ریویو پرچہ اخبار مین کرونگا اسوقت
بغیر اس رائے کے ظاہر کئے ہوئے نہین رہسکتا کہ یہہ مجموعہ
تعلیمات کے کورس مین داخل کیا جائے تو قطع نظر طلبا کے
دلچسپی کے اون کی توسیع معلومات مین مدرسان اور اونکی
حق مین مدرسان اور اون کے حق مین بہت مفید ثابت
ہوگا۔ مولف موصوف کو چاہئے کہ جناب ناظم صاحب تعلیمات
کے پاس بغرض مذکور قبل طبع پیش فرمادین فقط محمد بشیر اڈیٹر اخبار حمیدیہ

قابل و لایق ناظرین نے کتاب ہذا کو دیکھکر بہت
پسند کیا۔ واقعی کتاب بھی اسی قابل ہے۔ ناظرین کتاب ہذا
مین بہت سے حضرات ایسے ہین کہ جو علم تاریخ و جغرافیہ سے
ماہر ہین۔ ہمین نے بھی کتاب ہذا کو بغور دیکھا۔ لایق مولف صاحب
کی اعلیٰ قابلیت قانونی تو مسلمہ ہے۔ چنانچہ ہمنے اور ہمارے
سیکڑون ہم اثرون نے کتب قوانین مولفہ مولف ممدوح الشان
کا ریویو بکثرت اخبارات مین کیا ہے۔ کتاب ہذا کے دیکھنے سے
یہہ مان لینا پڑتا ہے کہ قابلیت مولف غیر محدود ہے خصوصاً
علم تاریخ مین بھی مہارت تامہ حاصل ہے۔ یہہ کتاب اس قابل ہے
کہ نصاب تعلیم مین شریک ہو کہ طلبار کے لئے ہم خرما و ہم ثواب کی
مصداق و نیز طلبار کے لئے دلچسپی مین یکتا اور وسعت معلومات

مین یقیناً ممد و معاون ہوگی فقط امیر حمزہ اڈیٹر اخبار نظامی۔

مین نے کتاب ہذا کو بہت غور سے دیکھا اتبک تو ہم بھی سمجھے ہوئے تھے کہ قابل و لائق و مشہور مولف کتاب ہذا کی اعلیٰ قابلیت وسعت نظر قوانین و نظایر سرکارین تک ہی محدود ہے اور اسی کا ثبوت بھی ہمکو ملتا تھا کہ متعدد کتب قوانین تالیف کردہ ذی علم مولف کا ریویو۔ بکثرت بکرات و مرات اخبارات مین دیکھنے و سننے مین آیا تھا۔ چنانچہ بقول اخبار شیر گن مطبوعہ ۲۴ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء نمبر ۱۴۰ و ۱۴ ۱۹) اخبارات مین قانونی کتب تالیف شدہ کا ریویو ہوا اور سب معترف قابلیت لائق مولف مین ہم زبان پائے گئے مگر کتاب ہذا دیکھنے کے بعد بلا خوف تردید یہہ کہنا پڑتا ہے کہ ذکی الطبع

# کتاب ہذا

سنیر ہین بھی ذی علم مولف مجموعۂ مفتاح النظائر
و مصباح النظائر جسکا ریویو (۱۹۴) اخبارات ہین بلحاظ مجموعہ کے
مفید عام و بکار آمد ملک دکن وممالک انڈیا وغیرہ ہونیکی وجہ سے ہو او
ہو تا رہتا ہے ۔ و اختصار النظائر مال جو بلحاظ اپنی خوبی و فوائد کے
سرکاری ضرورتون کے اعتبار سے سرکار مین خرید ا گیا و ضابطہ
عثمانیہ جو بیادگار تشریف آوری نواب وبیسرا ئے بہادر قابل
وکیل صاحب نے تالیف کیا اور جس نے بلحاظ فوائد کثیرہ شہرت تامہ حاصل کی
اور سرکاری ضرورتونکی نظر کرتے پٹیل پٹواری جگما خریدینکی پابندی کی گئی نہین
ذکی الطبع لایق فریبین وکیل صاحب ممدوح کی مولفہ ہی جو بین ثبوت وسعت
نظری و ہمہ دانی سریع الفہم مولف کا پتہ دیتی ہی جو قابل مسرت ہے

سخاوت حسین اڈیٹر

۱

سیر چین

بیٹھکر سیر ملک کی کرنا

مرقع چین

یہہ تماشہ کتاب مین دیکھا

# ملک چین

اس کا رقبہ تخمیناً تخمیناً پچاس لاکھہ میل مربع ہے اور مردم شماری
تخمیناً ساٹھہ کروڑ کے قریب ہے اسکی وسعت ہندوستان سے
قریب قریب سہ چند کے اور مردم شماری قریب قریب دوچند سے
ہے اور تمام دنیا مین جتنے آدمی ہین تخمیناً اوسکی ایک چوتھائی

صرف اس ملک مین ہین - باقی تخمیناً تین حصہ تمام ملکون مین

## ممالک مشمولہ چین

مہاچین[۱] - تبت[۲] - تاتار[۳] - منگولیا[۴] - منچوریا[۵] - کوریا[۶] - اور چند چھوٹے جزایر شامل ہین - اس مین دو بڑے دریا ہین جو گنگا سے دو چند لنبی ہین جن مین ایک یانکسی اسقدر گہرا اور چوڑا ہے کہ اوس مین جہاز چلتے ہین - آب وہوا بالکل مثل اس ہندوستان کے ہے یعنی بعض جگہہ نہایت سرد - بعض نہایت گرم - جانور یہان کے بھینس و گھوڑے ہندوستان کے جانورون سے چھوٹے ہوتے ہین - جنگلی جانور بہت کم نظر آتے ہین -

## پیداوار چین

چانول۔ چائے۔ مکی۔ شہتوت۔ کافور۔ ناریل
ریل بھی تہوڑے زمانہ سے جاری ہوئی ہے۔ تبت۔ تاتار
منگولیا وغیرہ ایسے زرخیز ملک نہین ہین اور یہان کے
باشندے بھی وحشی اور جنگجو ہوتے ہین ان کا پائے تخت سے
زیادہ دور ہونے کی وجہ سے انتظام اچھا نہین رہتا تھا۔
اسی وجہ سے حال ہی مین خودمختار کردئے گئے تھے۔

## تہذیب چین

دنیا کے شروع سے یہہ ملک اول درجہ کی ترقی پر ہے

اور جیسا پہلے تہا قریب قریب ویسا ہے بلکہ کچہہ اضافہ کے ساتہہ
آج تک ہے سارے ملک مین ایک قوم اور ایک مذہب کے
لوگ بستے ہین باہر والون کا دخل آج تک نہین ہوا بڑی
وسیع اور زبردست سلطنت ہے ہر قسم کی کلین اور کارخانہ
ہمیشہ سے اس مین موجود ہین - کرنسی نوٹ کا رواج یہان تخمیناً
چار پانچ ہزار برس سے ہے - وزٹ کارڈ پہلے اسی
ملک مین ایجاد ہوا - چھاپہ کا کام ہزارون سال سے یہان
جاری ہے - کئی نہرین آبپاشی کے واسطے بہت پرانی ہین
جن مین ایک چہہ سو میل لنبی ہے دنیا مین سب سے
بڑا تاج شہنشاہ چین کا ہے - نئی روشنی نے اس ملک پر بہی
یہہ اثر کیا ہے کہ شخصی سلطنت جاکر اب سلطنت جمہوری قایم ہوئی ہے

# چین کے آدمی

یہان کے باشندے بڑے عقلمند ہین جفاکش اسقدر ہوتے ہین کہ ایک شخص دن بہر برابر کام کرتا اور کہڑا رہسکتا ہے اور بالکل نہین تہکتا۔ عورتین نہایت خوبصورت ہوتی ہین۔ لباس کچہہ لیڈیون سے ملتا جلتا ہوتا ہے۔ مرد ایک گہیردار پائجامہ پہنتے ہین اور ڈہیلا کوٹ۔ نوکدار ٹوپی ہوتی ہے۔ مرد سر کے بال بالکل منڈواتے ہین۔ مگر چوٹی ہندون کی سی رکہتے ہین۔ ڈاڑہی نہین رکہتے۔ مگر موچہین بہت لنبی

ہوتی ہین - چوٹی کے کٹ جانے سے چینی لوگ مرجانا
بہتر سمجھتے ہین - بادشاہ کا لباس بالکل سادہ ہوتا ہے
حکام گلے مین موتیون کے مالے پہنتے ہین - اور موسم
سرما و گرما کے کپڑے بدلنے کے واسطے تاریخین سرکار سے
مقرر ہوتی ہین -

## خوراک اہل چین

کتے - بلی - مینڈک - وغیرہ کہا لیتے ہین - ابابیل کا
گہونسلہ بڑی قیمتی غذا سمجھتے ہین - چانول کی شراب پیتے
ہین - انگریزون کی طرح چہری کانٹے کی جگہہ لکڑی کی
تیلی جیسی چہڑیان لیکر ان سے کہانا کہاتے ہین - گائی کا دودہ

بالکل نہین پیتے - بیماریون مین عورت کا رودہ پلے نیکا دستور ہے - کبھی تہنڈا پانی نہین پیتے - ہمیشہ یا تو گرم پیتے ہین - یا چاے - بیمار بہت کم ہوتے ہین - افیون کہانے کا بہت رواج ہے -

## چینی تکلف

سلام اور مزاج پرسی کے طریقے یہان عجیب و غریب ہین کوئی ملاقاتی - جب اوٹھنا چاہتا ہے تو کہتا ہے کہ مین جناب کی ہدایت سنی کو پہر کسی روز حاضر ہونگا کوئی اجنبی جو مکان پر آجاوے وہ برابر بیلے کچھ کہانا کہاتا ہے - خواہ کتنے ہی روز ٹھہرے - کہنے کی ضرورت

اوس روز ہوتی ہے جبکہ اوس کو نہ کہلانا منظور ہو۔

## رسمیات چین

پہلے مُردے کو دریا کے پانی سے غسل دیکر اوس کے منہ مین پیسہ ڈالتے ہین۔ اور کچھہ سونا و جواہرات بہی پہر اوس کو ریشمی کپڑا پہناتے ہین۔ ساتوین روز رشتہ دارون کو۔ خبر پہونچاتے ہین جو فوراً آتے ہین۔ اور کچھہ خوشبو و نقدی لاتے ہین۔ لاش ایک عرصہ تک مکان مین رکہی رہتی ہے۔ جب تک کہ پنڈت اوس کے واسطے کوئی مناسب جگہہ دفن ہونے کی تجویز نکردے روزمرہ اوس کو خوشبودار دہونی دی جاتی ہے۔ پہر کسی روز جنازہ

قبرستان مین لیجا کر دفن کیا جاتا ہے - چینی سب سے بڑا
دہرم اس کو سمجھتا ہے کہ اپنے ماں باپ کی اطاعت اور
بزرگون کی پوجا کرین - ہر گہر مین ایک تختی ٹنگی رہتی ہے
جس پر تمام بزرگون کے نام اور اون کے مرنے کی تاریخ
لکھی رہتی ہے - اوس کو گہر والے روزمرہ پوجتے ہین -
تعویذ کا رواج بہی چین مین بہت ہے - شادی مین
لڑکی والے لیکے یہان کچہہ تحفے لیکر جاتے ہین - تاریخ مقررہ
پلٹ نہین سکتی - طلاق صرف عورت بانجھ ہونے کی
صورت مین دیگر دوسری شادی کر سکتے ہین - داماد
لڑکی کے باپ کو بہت زر نقد بطور نذرانہ کے دیتا ہے
بیوہ عورتون کی شادی بار ثانی معیوب سمجھی جاتی ہے

جس چینی کے کوئی بیٹا نہ ہو اوس کو قرض نہین مل سکتا خواہ بٹیان کتنی ہی ہون - کیونکہ بیٹی اپنے باپ کے قرض کی ذمہ دار نہین سمجھی جاتی - مگر بیٹا تین پشت تک کے قرضہ ادا کرنے کا ذمہ دار سمجھا جاتا ہے

(نوٹ مولف) میری رائے مین اسی وجہ سے چینی لوگ لڑکیون کی قدر نہین کرتے -

## مذہب اہل چین

تین مذہب رائج ہین - مگر ایک عجیب کیفیت کے ساتھ یعنی ہر ایک شخص تینون مذہب کا ایک ہی وقت مین پابند رہتا ہے - پہلا کیفوشس جو زیادہ تر پولٹیکل

معاملات سے متعلق ہے - دوسرا بدھ جو اخلاقی و روحانی سمجھا جاتا ہے - تیسرا ٹوزم جو نفس کشی سے متعلق کیا جاتا ہے - مگر ان سب مین زیادہ صریح علی الاعلان بدھ مذہب کے اصول پر عمل درآمد ہے - دیوتاؤن کی پوجا بھی کرتے ہین - مگر جب کوئی دیوتا کہنا نہ مانے یعنے خوشامد سے بھی راضی نہ ہو اور مصیبت دور نکرے تو اوس کے مندر کو کسی میعاد کے واسطے بند کردیتی ہین یا اوس کی مورت کو توڑ ڈالتے ہین اگر بارش نہ ہو تو دیوتا کی مورت کو دہوپ مین بٹھاتے ہین - ایک دیوتا مکانی ہوتا ہے - اوس کی مورت ہر ایک مکان مین رہتی ہے - اور اوس سے چینی لوگ

بہت ڈرتے ہین - کیونکہ یہہ سمجہتے ہین - کہ ہر شخص کے
اعمال دیکہکر اون کی خبر اللہ میان کو پہونچاتا ہے اس لئے
اوس کی روزمرہ پوجہ کرتے ہین - اور اوس کے سامنے
کوئی برا کام نہین کرتے -

## سلطنت چین ورواج

بڑی قدیم ہے - اور ہمیشہ سے شایستہ ہے -
کہا جاتا ہے کہ دنیا کے شروع سے پچاس ساٹہہ ہزار
سال تک دیوتاؤن نے حکومت کی - پہر چینی لوگون نے
مغرب سے آکر وہان بودوباش کی جس کو سات آٹہہ ہزار
سال کا عرصہ ہوا - منگولیون - اور تاتاریون نے

کئی فتوحات کئے اور اب تخمیناً چار پانچ ہزار سال سے
ایک ہی خاندان مین راج ہے۔ بادشاہ سب کے
جان ومال پر اختیار رکھتا ہے۔ اور دیوتاؤن سے
بھی اوس کی عزت زیادہ سمجھی جاتی ہے۔ بادشاہ کے درشن
کرنے کی جرأت بہت بڑی مشکل سے ہوتی ہے۔ خواہ
کتنا ہی بڑا آدمی اوس کے حضور مین جاوے کسی ملزم کو
سزا نہین دی جاسکتی۔ جب تک کہ وہ خود جرم کا اقبال
نکرے۔ مجرم کی گردن مین طوق پہناکر باندھ دیتے ہین
یا پنجرہ مین بند کردیتے ہین۔ اور سزائے تازیانہ اوسی
مقام پر خلقت کے سامنے دی جاتی ہے جہان جرم
سرزد ہوا۔ قاتل کا سر کاٹا جاتا ہے۔ بے رحم خونخوار

قاتل یا ماں باپ کے قاتل کو یہہ سزا دی جاتی ہے کہ اُسکو
ایک رسی سے باندھکر اوس کے جسم کو جا بجا کاٹکر زخم
کر دیتے ہین اور وہ تڑپ تڑپ کر مر جاتا ہے بعض
مجرمون کو دن رات جگاتے رہتے ہین مطلق سونے
نہین دیتے اسطرح اون کی زندگی کا خاتمہ کر دیتے ہین
چین خانے نہایت تنگ غلیظ اور حشرات الارض سے
بھرے رہتے ہین - چین کا روپیہ بیضاوی ہوتا ہے
اور اوس کے بیچ مین ایک سوراخ اور ڈوری مین
پروکر رکھتے ہین -

(نوٹ منجانب مولف) یہہ ترکیب تو بہت اچھی ہے
اسمین گرنے اور تلف ہونیکا اندیشہ نہین -

# چین کی خاص باتیں

بوسہ کا نام نہیں جانتے۔ شاہی حکیم اگر مرض کا ٹھیک علاج یا تشخیص مرض نہ کر سکے تو ایک سال کی تنخواہ ضبط ہو جاتی ہے۔ اپیل کرنے پر عدالت ماتحت کا فیصلہ منسوخ ہو تو حاکم تحت کو سزا دی جاتی ہے۔ جنازہ بڑی دھوم دھام سے نکالتے ہیں۔ جن مرد عورتوں کے باہم شناسائی ہو اُنکی شادی باہم نہیں ہو سکتی۔ ملازم کو تنخواہ کے علاوہ منافع بھی کچھ حصہ ملتا ہے۔ اگر کسی کو کوئی ستاوے تو مظلوم ظالم کے دروازے پر جا کر اور پھانسی لگا کر خودکشی کر لیتا ہے اور خیال کرتا ہے کہ اس طرح سے ظالم کے کل خاندان کا

ستیاناس ہو جائے گا۔

## چین کی خاص چیزین

کاغذ کی ڈور۔ لالٹین۔ فرش۔کمبل۔ پنکھے۔ صندوق۔چوکھٹے۔ ٹوپی۔کوٹ وغیرہ نہایت مضبوط ونفیس بنتی ہین۔

## کھیت کی جگھہ تالاب

جسطرح زمیندار کھیت رکھتے ہین اوس طرح چینی لوگ تالاب اون مین مچھلیان پالتے ہین۔جن سے اون کو بڑی قیمت حاصل ہوتی ہے۔رنگین اور

سنہری مچہلیان چین سے آتی ہین - اور مچہلیان پکڑنیکا
وہان ایک عجیب طریقہ رائج ہے ایک قسم کا بگلہ
پالتے ہین ۔ جو مچہلیان اون کے واسطے پکڑتا ہے -
اوس کے گلہ مین ایک چہلہ ڈالتے ہین جس سے وہ خود
مچہلیون کو نہین نگل سکتا - جب بہت سی اون کے
پاس جمع کر دیتا ہے تب چہلہ نکالکر تہوڑی سی اوسکو
کہلا دیتے ہین اس لالچ سے وہ خدمت انجام دیتا ہی
چینی لوگ بطخ بہی پالتے ہین - جو شل گائے بہیڑون کے
باہر چرتی ہین اور شام کو مالک کی سیٹی کی آواز سنکر اپنی
گہر آجاتے ہین -

# چاء اور ریشم

سب سے پہلے چین مین ہی پیدا ہوئی ۔ پھر تمام
دنیا مین پھیلی ۔ چین مین چاء کے کھیت غلہ کی طرح ہر جگہ
بوئے جاتے ہین ۔ ہر شخص حقہ و پانی کی جگہ اس کا شوق
کرتا ہے ۔ ریشم پہلے دنیا بھر مین چین ہی سے جاتا تھا
اور کسی ملک مین نہین پیدا ہوتا تھا نہ اس کی ترکیب
کسیکو معلوم تھی اس لئے یہ کیفیت تھی کہ چین کا فقیر
غریب سے غریب کسان بھی زراعت کرنیوالا ریشمی
کپڑے پہنتا تھا ۔ اور روم کا بادشاہ تک اپنی بیگم کو
اوس کی پوشاک بنوانے مین پس و پیش کرتا تھا ۔ تھوڑا

سنہ ۱۵۳۰ء میں اسکی ترکیب غیر ملک والون کو معلوم ہوئی
چین میں اب بھی اس کا بڑا رواج ہے ٭ ہر جگہ شہتوت کے درخت
صرف ریشم کے کیڑون کی خوراک کے واسطے مخصوص ہین
چینی مٹی تو مشہور ہے ۔ بہت نازک اور چکنی اور ہلکی ہوتی ہے

## چینیون کی اُلٹی انوکھی باتین

بوڑھے آدمی گیند کھیلتے ہین اور کنکوا (پتنگ)
اوڑاتے ہین ۔ اور بچے تماشے دیکھتے ہین ۔ تندرستی
مین حکیم کو تنخواہ دیتے ہین ۔ جب بیمار ہوتے ہین تو
تنخواہ بند کردیتے ہین ۔ مرد لنبا کوٹ پہنتے ہین ۔ عورتین
جاکٹ پہنتے ہین ۔ اور چھڑی ہاتھ مین رکھتے ہین ۔ مردونکی

چوٹی اُلٹی اور لٹکتی رہتی ہے - اور عورتوں کی چوٹی بلند ہی
ناخون کبھی نہیں کٹواتے - بلکہ چاندی مین منڈھوالیتے ہین
بجائے مصافحہ کے ہاتھہ ہلاتے ہین تعظیم کے لئے بجائے
ٹوپی اوتارنے کے جوتا اوتارتے ہین - کوٹ کے اوپر
جاکٹ پہنتے ہین - عورتین مثل یوروپین لیڈیوں کے
بجائے کمر پتلی کرنے کے اپنا پاؤن چھوٹا کرتی ہین - کتابین
المارئی مین لٹکا کر رکھتی ہین - قلم کی جگہہ برش دعوات
کی جگہہ ٹکیہ سیاہی کی استعمال کرتے ہین - سفید پوشاک
پہننا ماتم کی نشانی ہے - بائین ہاتہہ کی زیادہ عزت کرتے
ہین - چورون و بدمعاشون کو دوڑ کر پکڑتے ہین
چاندنی رات مین لالٹین لیکر چلتے ہین - کھانا ہاتہہ سے

نہین کہاتے ہاتھی دانت یا چاندی سونے کی سلائیوں
سے کہاتے ہین - ٹوپی مردون کی اتنی چوڑی کہ بارش
وہ ہوپ بن جاہے چہتری کا کام دیتی ہے زرد رنگ کا کپڑا
سواے شہزادون کے کوئی نہین پہن سکتا سب سے کم
عزت سپاہی کی - سوداگر سے زیادہ عزت کاشتکارون
کی کرتے ہین - بادشاہ کے مرنے پر تین ماہ وسلم تمام
ملک مین کوئی کام خوشی کا نہین ہو سکتا - حاکم فوجداری جب باہر
نکلتے ہین تو اون کے ساتھ جلاد تازیانہ بردار آگے چلتے ہین -
راستے مین جس کسی کو برا کام کرتے دیکھتے ہین اوسی جگہ سزا
دیتے ہین - قانون وہان کا گاؤن والون کو زبانی یاد رہتا ہی
ملاقاتی کمرہ کا دروازہ گول رہتا ہے ہاتھی دانت کے جالیدار

گولے ایک کے اندر ایک تراشتے ہین -

(نوٹ مولف) یہہ بہت حیرت انگیز اور مشکل کام ہے

چین مین کوئی کاریگر اوس وقت تک استاد نہین

سمجہا جاتا جب تک کہ ایک روپیہ کی چیز پر کام کرکے

اوس کو سو روپیہ کا نہ بنا سکے -

## عجائبات چین

ایک ڈکشنری کی کتاب چینی زبان مین اتنی بڑی ہے

پانچہزار بیس جلدون مین ختم ہوئی ہے - اس ایک کتاب کی

قیمت بیان کیا جاتا ہے کہ بیس ہزار روپیہ ہے - کہا جاتا ہے

کہ یہہ کتاب چالیس برس مین تیار ہوئی تہی - تمام علوم کا

اس مین مفصل بیان ہے - اور تین ہزار سال کا اس مین
حال درج ہے - ایک بدھ مذہب کا مینار نو منزل اونچا
بالکل چینی مٹی کا نہایت ہلکا و مضبوط بنا ہوا - نہایت
نفیس بیل بوٹے رنگ برنگ کے - اور جالیان کٹی ہوئی
بیان کیا جاتا ہے کہ بیس سال مین تیار ہوا تھا -
کہا جاتا ہے کہ اسمین اسی لاکھ روپیہ لگا تھا سنہ ۱۸۵۶ع
مین باغیون نے مسمار کر دیا -

## دیوار چین

دنیا بھر مین سب سے بڑی دیوار ہے یہہ تیرہ سو
میل لمبی ہے - اور سات گز بلند اتنی چوڑی ہے کہ جس

چار سوار برابر چل سکتے ہین سو گز کے فاصلہ پر ہر جگہہ
برج بنے ہوئے بیان کیا جاتا ہے کہ تاتاریون کا حملہ
روکنے کے لیے بنائے گئے تھے ۔

## چینی گاڑی ور سڑک

تمام ملک مین سڑکون کا نام ہی نہین صرف چند جگہ
مین چند شاہی سڑکین ہین ۔ مگر اون کی بہی حالت اچھی
نہین ۔ اس واسطے دور کا سفر اکثر کشتیون مین بیٹھکر
ہوتا ہے ۔ امیر لوگ پالکیون مین سوار ہو کر نکلتے ہین
بار برداری کے لئے ایک عجیب قسم کا ٹھیلہ استعمال مین
آتا ہے جس کو ایک آدمی کہینچتا ہے ۔ اور دوسرا پیچھے
دہکا دیتا ہے ۔ اس مین صرف ایک پہیہ بیچ مین ہوتا ہی

اور اوس کے اوپر مثل جہاز بادبان لگا ہوتا ہے اس کی
وجہ سے بہت تیز چلتا ہے اور بہت بوجہ لیجا سکتا ہے -

# کاشتکاری

اطرف یہان سب سے زیادہ توجہ ہے - سرکاری لگزاری
پیداوار کا دسوان حصہ مقرر ہے - ہل (ناگر) نرالے
ڈہنگ کا ہوتا ہے اور اوس مین بھینسہ جوڑکر چلایا جاتا
ہے - اس ملک مین کہاد (ابرو) کی اس قدر قدر ہے کہ
پائخانہ صاف کرنے کی اجرت بہنگی (خاکروب) کو کچہہ
نہین دیجاتی بلکہ اوڈلٹے اوس سے کچہہ قیمت لیجاتی ہے
ہر سال ایک مقررہ تہوار کے دن شہنشاہ خود اپنے ہاتہہ سے

ہل چلانے کی رسم ادا کرتا ہے - محصول اکم ٹیکس وغیرہ نہایت قلیل مقدار مین لیا جاتا ہے -

## مکانات چین

اس ملک مین قدیم زمانہ کے عظیم الشان عمارات بالکل نہین یہان کے مکانات کی چہت دونون طرف ڈہلوان مثل چہپر کے ہوتی ہے - اور اکثر بجائے دیوارون کے لکڑی کے ستون ہوتے ہین - امیرونکے مکانات کے گرد بڑی دیوارین ہوتی ہین - مکانات کے ساتھہ اکثر و بیشتر باغیچہ ہوتے ہین -

## رواج مخصوصہ

چینی لوگ عورتوں کے پاؤں بہت چھوٹے کرنا
خوبصورتی سمجھتے ہیں ۔ جب شادی کی بات چیت ہوتی ہے
تو پہلا سوال یہ ہوتا ہے کہ لڑکی کا پانوں کتنا چھوٹا ہے
اگر لڑکی کا پانوں بڑا ہو تو کہتے ہیں کہ اسکی ماں بڑی بیوہ ہے
ہیں ۔ امیرزادی عورتوں کے پانوں اس قدر چھوٹے ہوتے
ہیں کہ وہ بیچاریاں بلا سہارے چل نہیں سکتیں شیرخوار
لڑکیوں کے پانوں کپڑے سے خوب لپیٹ کر پھر لوہے
پیتل کا سخت جوتا پہنا دیتے ہیں جسکی وجہ سے پانوں
بہت بڑہتا اور پھیلتا نہیں ہے ۔ کہا جاتا ہے کہ اس عمل
سے بیحد تکلیف ہوتی ہے مگر سارے ملک کا رواج
ہے ۔ اس واسطے کسیکو پرواہ نہیں ۔

(نوٹ) اگر آئندہ وقت ملا تو پہر دوسرے حصہ مین
اس ملک کی اور کچھہ کیفیت درج کیجائیگی - جو قابل دید ہو

# جاپان

یہہ چند چہوٹے ٹاپوؤنکا مجموعہ چین سے مشرق مین ہے
اس ذراسے ملک کے لوگون نے بہت تہوڑے زمانہ مین
اسقدر ترقی کی ہے کہ اب دنیا کے بڑے بہاری
سلطنتون مین شمار ہوتا ہے پندرہ سولہ برس ہوئے
کہ جب اس نے چین کی زبردست سلطنت کو شکست
دیکر ملک کوریا فتح کرلیا تہا اب یہ امریکہ کی عظیم الشان
سلطنت سے دو چار ہاتہہ کرنیکو کم نہین ہیچ تو یہ ہے

کہ اگر اس کا عروج یون ہی رہا تو کسی روز آیندہ تمام
دنیا مین سب سے بڑی زبردست سلطنت اس
ملک کی ہوگی جس طرح مغرب مین انگلستان کا ٹاپو
دنیا کے ایک وسیع حصہ کا مالک اور بڑا زبردست
دریا رو اخیال کیا جاتا ہے اوسیطرح مشرق مین جاپان
کہان ایک وحشیون کا جنگل غیر آباد چہوٹا سا راج تہا
کہان اب بڑے شہنشاہون کے ہم پلہ ہے اور
سیاہ سفید پر اختیار رکہتا ہے۔ یہہ سبب وہان کے
باشندون کی اولوالعزمی وعقلمندی کا نتیجہ ہے جس کا
مختصر حال اب ہم بیان کرتے ہین۔

اس کے چار ٹاپو ہین جن کا رقبہ ملک تخمیناً صوبہ مدراس کے

برابر ہے۔ آبادی تخمیناً چار پانچ کروڑ کے قریب ہے
اس مین اور صدہا چھوٹے چھوٹے آتشی جزیرے
ٹوچو کیو کرو غیرہ شامل ہین۔ یہہ ملک پہاڑی ہے
ہر جگہہ بلند آتش فشان پہاڑ ہین ندیان ہین توکم جو ہین
وہ بھی بہت چھوٹی۔ کہا جاتا ہے کہ دار السلطنت شہر
کیوٹو مین ہے۔ ہر جگہہ اس مین قدرتی خوشنما منظر قابل
سیر مقامات اور خوبصورت عمارات ودستکاری کے
چیزین ایسی ہین کہ اکثر ملک کے لوگ اس کی سیر کو جایا
کرتے ہین۔

## عجائبات جاپان

دنیا مین کسی جگہہ اتنی گرم چشمی نہین۔ سیکڑون
چشمون کا پانی نہایت گرم۔ اور ابلتا ہوا بقول شخصیکہ
چانول ڈالنے سے پک جاتا ہے کہا جاتا ہے کہ بہت سے
چشمہ ایسے ہین کہ اُنمین نہانے سے بخار جذام و
دیگر امراض کے بیمار بالکل چنگے (صحت یاب) ہوجاتے
ہین۔ دنیا مین سب سے بڑی آتش فشان پہاڑ بھی
اسی ملک مین ہین۔ بعض مین سے تو دن رات برابر
آگ و چشمہ نکلا کرتے ہین۔ جن کی روشنی رات کو
سمندر مین خوب چمکا کرتی ہے۔ زلزلہ روزمرہ
آتا ہے۔ برسات مین ندیان اکثر اتنی زور سے
امنڈتی ہین (آتی ہین) کہ سیکڑون گانوان بہالیجاتی

ہین ۔ موسم گرما مین آندہیان وطوفان بہی غضبکے آتے ہین اس کے کنارہ سمندر چارون طرف نہایت عمیق ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہہ ملک گویا ایک پہاڑ ہے کہ جو سمندر کی سطح مین نکلکر کہڑا ہوا ہے

## آدمی

جاپان کے لوگ چینی نسل کے ہین ۔ نہایت خوبصورت مضبوط زرد رنگ کے چہرہ پر بال بہت کم سر بڑا لینی کمر قد چہوٹا ۔ عورتین بہت چہوٹے قد کی ہوتی ہین اور نہایت حسین اون کی آواز نہایت شیرین اور دلفریب ۔ عادتین ان عورتون مین ہوتی ہین ۔ یہہ

جلد جوان ہو کر بڈھے ہو جاتی ہین - چوٹی کے بال
ایڑی تک لنبے رکھتے ہین -

ایک قسم کے جنگلی آدمی بہی ہوتے ہین - (جو اس
ملک مین پہلے سے آباد تھے) ان کے تمام جسم پر بال
بکثرت ہوتے ہین - بہوین ملی ہوئین - جسم پر نیلا
گدواتے ہین - جنگلو مین رہتے ہین - اور شکار پر
گذر کرتے ہین نہاتے کبہی نہین - بڑے سیدھے اور
ایماندار ہوتے ہین - بتون کی پرستش کرتے ہین
بالکل ناخوانده ہوتے ہین - اصلی یعنی مہذب جاپانی
ان کو اپنے غلام کے برابر سمجھتے ہین - جاپانی لوگ
اپنے تئین دیوتاؤن کی اولاد بتاتے ہین - اور

سورج بنسی و چندر بنسی خاندانون مین منقسم ہین ۔
دنیا کے آغاز کا حال مثل ہندوؤن کے بیان کرتے ہین
بیان کیا جاتا ہے کہ اون کی تواریخ مین لکھا ہے
کہ آج سے دو ہزار پانسو برس پیشتر اس ملک مین سورج
دیوتا کا بیٹا آکر تخت نشین ہوا اوس وقت سے برابر
اوس خاندان مین راج چلا آتا ہے ۔ جاپان مین
بھی ہندوؤن کی سی ذات برادری ہوتی ہے ۔ چھتری
لوگ سب سے اعلی سمجھے جاتے ہین ۔ تجارت کے
پیشے کو ذلیل سمجھتے ہین ۔ رنڈیان صرف گانے کا پیشہ کرتی ہین

## عادات

عورتین زیور بالکل نہین پہنتین - مگر چوٹی مین
جواہرات یا دیگر اشیا قیمتی گوندہ لیتی ہین - موہنہ پر
عورتین سفید صابون پوت لیتی ہین - اور ہونٹونپر
سرخ - گہر سے باہر سر برہنہ نکلتے ہین - انگریزونکی
طرح پہری کانٹا تو نہین مگر لکڑیون کی دو کہپچیون سے
کہانا نہایت پہرتی سے کہاتے ہین - یہان کے لوگونکو
گوشت و شراب سے قطعی پرہیز رہتا ہے - دودہ
پینا بالکل نہین جانتے - دن مین تین دفعہ کہانا کہاتے
ہین - آئے دن (روزمرہ) گرم پانی سے غسل کرتے
ہین - بالون مین چار کا تیل ڈالتے ہین - ہاتہہ مین
اکثر ایک گول پنکہا رہتا ہے - چرٹ و قلم و دوات

بہی ہر وقت سات رکہتے ہین - نرم کاغذ کا رومال ہوتا ہے اوس سے موںہہ پونچہتے ہین اور وقت ضرورت اوسی پر چٹہی لکہہ لیتے ہین - ٹہنڈے پانی سے نہانا ریاضت سمجہا جاتا ہے - مرد عورت ننگے مادر زاد ہوکر ایک ہی جگہہ نہاتے ہین نہ کچہہ شرم کرتے ہین - نہ کچہہ بری نگہہ سے کسی کو دیکہتے ہین قسم کبہی نہین کہاتے - بلکہ ادسکی جگہہ صرف مسکرا کر چپ رہتے ہین - بڑے کہلاڑی ہوتے ہین - اور پہول کے اتنے شوقین کہ دنیا مین کوئی قوم نہین - کہیل کی یہہ کیفیت کہ مزدور بہی دن مین دو ایک بازی شطرنج یا چوسر کہیل لیتا ہے -

# رسمیات

بچے کے پیدا ہونے کے بعد ساتوین دن نام رکھا جاتا ہے - ایک ماہ بعد سرمونڈن ہوتا ہے - ہر سال کے تیسرے ۳ مہینہ کی تیسری ۳ تاریخ کو لڑکیون کا تہوار ہوتا ہے - اور پانچوین مہینے کی پانچوین تاریخ کو لڑکون کا ان دونون تہوارون مین ہر جگہہ بڑے میلے تماشے ہوتے ہین - لڑکا اپنے چھٹے سال کی چھٹے مہینہ کی چھٹی تاریخ کو مدرسہ مین پڑہنے بٹھایا جاتا ہے بچے اپنے والدین کا بڑا ادب کرتے ہین - جب کہین جاتے یا آتے ہین تو زمین پر ماتھا رکھکر سلام کرتے ہین

لاش کو ۲۴ گھنٹہ کے بعد ایک سفید لکڑی کے
صندوق مین بٹھا کر رکھتے ہین اوس کے سرہانے
ایک تکیہ اور چار کانڈل رکھدیتے ہین - بچون کے
نام دریا - پہاڑ - پھول وغیرہ کے نام پر رکھے جاتے
ہین - شادی سولہ برس کی عمر مین کی جاتی ہے
لڑکا لڑکی کی پہلی بات چیت کرا کے رضامندی
لیتے ہین - جوڑ ملانے والا ایک شخص رشتہ دار
ہوتا ہے - وہی عمر بھر میان بی بی کے جھگڑے طے کیا
کرتا ہے - عورت مرد کی لونڈی سمجھی جاتی ہے - تاہم اوس کے
گھر مین اوس کی بڑی عزت ہوتی ہے - طلاق کا رواج
بہت کم ہے - شادی کی اطلاع سرکاری افسر کو دیجاتی ہے

لڑکی شادی کے بعد اپنی ماں کے گھر کبھی نہیں جاتی۔

## مکانات

ایک منزلہ لکڑی کے ہوتے ہیں۔ اس لئے کہ آئے دن زلزلہ آتا ہے۔ دیواریں نہیں ہوتیں۔ چاروں طرف ستون ہوتے ہیں۔ کیواڑے ایسے لگاتے ہیں کہ تہہ ہوکر بکس مین بند ہو جاتے ہیں اور وقت ضرورت چارون طرف لگائے جاتے ہیں۔ کاغذ کے پردے دروازون پر پڑے رہتے ہیں۔ اور وقت ضرورت انہیں پردون کو بیچ مین لگا کر علیحدہ علیحدہ کمرے بنا لیتے ہین۔ فرش کی جگہ موٹی چٹائیان بچھاتے ہین یہ

چٹائیان دو گز یعنی ایک گز چوڑی ہوتی ہین - انہین کے حساب سے ہر ایک مکان بنتا ہے - جاپان کے تمام مکان ایک نقشہ کے ہوتے ہین - کوئی دس چٹائی کا - کوئی پچاس - کوئی سو چٹائی کا - مکان کے ساتھہ کسیقدر باغیچہ ہونا لازمی ہے نہ میز نہ کرسی - تمام آدمی چٹائی کے فرش پر بیٹھتے ہین - چارپائے نہین ہوتے - کیونکہ فرش پر سوتے ہین - لکڑی کا تکیہ سرہانے رکھتے ہین - بغیر آگ کے انگیٹھی کے ایک دم گذر نہین ہوتا - ہمیشہ اسطرح بیٹھتے ہین جسطرح مسلمان نماز کو بیٹھتے ہین - پوجہ کرنے کا کمرہ ہر مکان مین علحدہ ہوتا ہے -

# زبان۔

جاپانی زبان ہے تو علیٰحدہ۔ مگر اوس مین چینی زبان کے الفاظ بہت ہین۔ تاہم ان دونون زبانون مین اتنا فرق ہے کہ چینی و جاپانی باہم گفتگو نہین کرسکتے الف۔ ب۔ سنسکرت کے مطابق ہوتی ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ تخمیناً سنہ ۱۳۰۰ء مین جاری ہوئی تہی۔ لکہنے کا طرز مثل چینیون کے ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ پہلا اخبار سنہ ۱۸۶۱ء مین ایک انگریز نے جاری کیا تہا۔ اوس کے بعد تخمیناً اٹہارہ برس کے اندر ۶۵۰ اخبار جاری ہوگئے۔ جاپانی لوگ فلاسفی و قانون وغیرہ

کے اتنے شوقین نہین ہین۔ جتنے قصے وشاعری کے
مختصر یہہ کہ بڑے زندہ دل مذاق کے لوگ ہین۔
کہا جاتا ہے کہ سرکاری کتب خانہ مین ہر قسم کی کتابین
دو لاکہہ کے قریب ہین۔ بیان کیا جاتا ہے کہ تخمیناً
۲۸ ہزار کے قریب مدرسے اس ذرا سے ٹاپو مین ہیں
جن مین یورپ وامریکہ کے اوستاد پڑہاتے ہین۔
مردون کے برابر عورتون کی تعلیم بھی ہوتی ہے۔
طالب علم بڑے ذہین ہوتے ہین۔ ایسے ایسے سوال
کرتے ہین کہ اوستاد دنگ رہجاتے ہین۔ وہان کے
باشندے ہر ایک بات کو بہت جلد اور مختصر
طور سے سیکہہ لینا چاہتے ہین۔

# مذہب

عام طور پر بدھ مذہب کے لوگ ہین۔ کہا جاتا ہے
کہ پہلے ایک مذہب اور تہا جس کے ماننے والے
اب بہت تہوڑے ہین۔ اس مین سورج کی پوجا
ہوتی ہے۔ مندر مین کوئی مورت نہین رکہی جاتی۔
دروازہ مین ایک گہنٹہ لٹکا رہتا ہے جس کو پوجنے
والا ہلا کر بجاتا ہے۔ اور ایک دو پیسہ مندر مین
چہڑا کر صرف ہاتہہ جوڑ کر فارغ ہو جاتا ہے۔ بت کی
مورت شہر کاج کور امین ساڑہے بارہ ہزار من وزنی
۲۱ گز بلند ہشت دہات کی بنی ہوئی ایک پتہر کے

وسیع چبوترہ پر ہے - کہا جاتا ہے کہ تخمیناً ۷۰ سو
برس کی پرانی ہے - یہہ مورت اتنی بڑی ہے کہ
اس کے پیٹ مین ایک مندر بنا ہوا ہے - جس پر
پوجاری لوگ بیٹھکر پوجا کرتے ہین -

## گورنمنٹ

بادشاہ میکاڈو کہلاتا ہے - اور دیوتاؤن کے
خاندان مین ہونے کی وجہ سے اوس کی بڑی بھاری
عزت ہوتی ہے کسی شخص کی مجال نہین کہ بے ادبی کا
دل مین خیال بھی کر سکے - یہہ کسی کے سامنے نہین نکلتا
ایک محل کے اندر بند رہتا ہے -

صرف اپنی رانی اور وزیروں سے ملاقات کرتا ہے

اگر کبھی اوس کی سواری نکلتی ہے تو رتھہ مین بیٹھکر

پردہ ڈالکر چھپا ہوا چلتا ہے۔ خالی زمین پر

کبھی پاؤن نہین رکھتا۔ کسی کپڑے کو دوبارہ نہین

پہنتا۔ نہ کسی برتن وغیرہ کو دوبارہ استعمال کرتا ہے

ہر چیز اوس کے استعمال کے بعد جلادی جاتی ہے

سوائے سرداروں کے کوئی شخص شہر کے اندر گھوڑے

پر سوار ہوکر داخل نہین ہوسکتا۔ استعمال لباس

اور ادائے رسمیات مین بھی سرکاری قانون پر

عمل ہوتا ہے۔

(نوٹ منجانب مولف) مجھے یاد پڑتا ہے کہ کسی اخبار مین

مین نے دیکہا تہا کہ ننگے نہانے کے اور نیلا گدو انکی

اور عورتونکی بہو مین منڈ انیکی رسمین سرکاری حکم سے

موقوف کردی گئین۔

## فرنگیون کا دخل

تخمیناً چہہ سو برس ہوتے جب ایک فرنگی سیاح مارکو

ٹاپو مین آیا تو اوس نے باشندے بہت شایستہ پاے

اور سونا افراط سے دیکہا تقریباً سنہ ۱۵۵۲ء مین پہلا

پرتگیز جہاز یہان پہونچا۔ اوس کے بعد ڈچ اسپانیہ

والے پہونچے۔ ان لوگون کو صرف ایک شہر مین

رہنے کی اجازت ہوئی۔ یہہ شہر چارون طرف سمندر سے

گھرا تھا۔ صرف ایک طرف کسیقدر ملک سے ملا ہوا تھا
اس کے دروازہ پر جنگی گارڈ رہتا تھا تاکہ کوئی
پردیسی کسیوقت ملک کے اندر داخل نہ ہو چینی لوگ
بھی پردیسیون مین شمار ہوتے تھے۔ اندازاً ۱۸۵۳ء
مین امریکہ کے ممالک متوسط کے پریزیڈنٹ کے طرف سے
ایک سفیر خط لیکر آیا اور تقریباً ۱۸۵۴ء مین دوبارہ
اوس نے آکر ریل و تار برقی چلائی۔ تخمیناً ۱۸۵۵ء
مین انگریزون کے طرف سے ارلڈ ایلجن گئے اس
زمانہ مین پردیسیون کے واسطے کئی شہر مقرر کئے
گئے۔ جب پردیسیون سے کام پڑا تو اون کی زبان
سیکھنے کی ضرورت پڑی۔ اس لئے ایک کالج قایم ہوا

جس کا نام وحشیون کی تحریر جاپانیکا مقام رکہا گیا۔

# جاپان والون کی ترقی

جب فرنگیون سے زیادہ کام پڑا اور عقلمند
جاپانیون نے دیکھا کہ یہہ ہم سے بھی کچھہ زیادہ عقلمند
اور بڑے زبردست ہین تا - اون کے پاس ریل تار برقی
اور توپ ہے تو انہون نے سمجھا کہ اب دیر کرنیکا
ولایت
موقع نہین ہے - بعجلت عاجلہ بہت سے طالب علم
تحصیل علم کے واسطے بہیجا ئے اور ہر قسم کے کارخانہ
اپنے یہان جاری کردئے - جو بات نئی دیکھی وہ سیکھی
یہہ امر بہی قابل تذکرہ ہے کہ پہلے جاپان مین دو بادشاہ

ہوتے تھے ایک مکاڈو (مذہبی) دوسرا شوگن (فوجی و ملکی) وہان کے مدبرون نے باہم متفق ہوکر شوگن کو عرضی دی کہ آپ کل اختیارات سلطنت اصلی بادشاہ کو واپس دیدین جس کا عینت پر بڑا رعب ہے - شوگن نے جواب دیا کہ گو یہہ عہدہ و اختیارات میرے موروثی ہین - مگر ملک کی بہتری کی خاطر سے مین خوشی سے چھوڑتا ہون - پہر مکاڈو سے عرض کیا گیا کہ آپ پردہ باہر نکلکر سلطنت کا انتظام کیجیے ورنہ فرنگیون کے مقابلہ مین خیر نہین ہے - اسکو مکاڈو نے منظور کیا وہان چھوٹی چھوٹی ریاستین بکثرت تہین - جن کے پاس بہت بڑے خزانے اور فوجین رہتی تھین -

اور بادشاہی خزانہ اور فوجین بمقابلہ اون کے کچھہ
نہ تھین بوقت ضرورت اون سے خدمت لی جاتی
تھی۔ اگر کوئی غنیم چھیڑتا تو بہت بڑا اندیشہ تہا۔ اسلیے
بادشاہ نے سب ریاستون سے درخواست کی کہ
وہ اپنی فوج اور خزانہ بادشاہ کے حوالہ کردین۔ اور
بادشاہ سے تنخواہین مقرر کرالین تاکہ ساتھہ پانچ کے
بجاے ایک ہی مستحکم سلطنت قایم ہوجاے۔ اس فرمانکے
پہونچتے ہی ایک ہی تاریخ مین تمام رئیسون نے اپنا
استعفا لکھدیا اور خزانون کی کنجیان و فوج لیکر
دربار مین حاضر ہوئے۔ اور تنخواہ لینا قبول کیا
(غور طلب جانب مولف) واقعی بڑی ہمت کا کام کیا

اسکی مثال تمام دنیا کی تواریخ مین شاید ہی ملے کہ کسی نے
ملک کے فائدہ کے واسطے اپنا جان و مال نذر کیا ہو
یہی وجہ تہی کہ جاپانیون نے بہت تہوڑے عرصہ مین
اس قدر ترقی کر لی۔

## پیداوار و دستکاری جاپان۔

یہان جیسے باشندے عقیل ہین ویسے ہی کار آمد
چیزین بھی خدا نے پیدا کئے ہین۔ لوہے اور کویلہ کی
کانین بکثرت ہین۔ تمام ملک پہاڑی اور سرد ہے آٹھوان
حصہ زمین مزروعہ ہے۔ اس لئے غلہ و پھل ضرورت سے
زیادہ پیدا نہین ہوتا۔ شیر بہیڑیہ کا نام نہین۔ بندر۔

اور یہ بچے بہت ہوتے ہیں - گدہا بھیڑ بکری کا کوئی نام نہیں جانتا - ہاں سارس و بگلے بھی بہت ہوتے ہیں ریشم کا کیڑا بہت پالا جاتا ہے - وارنش کا کام یہاں دنیا بھر سے نرالا اور عمدہ ہوتا ہے - اور مسوری و چینی مٹی و دھات وغیرہ کا کام بھی عمدہ ہوتا ہے - ایک طلسمی شیشہ یہاں کا نہایت مشہور ہے - اس شیشہ پر جو نقش ہوتے ہیں وہ سامنے کی دیوار پر ہو بہو نظر آتے ہیں - جاپانی بچے پتنگ و انگوکیند کے بڑے شوقین ہوتے ہیں - تاش کا کھیل ایک نئے قسم کا کھیلتے ہیں ستار ڈھول بجانے کے بہت شوقین ہیں -

# جاپان کی مزے دار باتیں

قانوناً ہر ملازم کی پیشانی پر اوس کا پیشہ اور آقا کا نام اور ہر بچے کے کپڑے پر اوس کے والدین کا نام و پتہ لکھا ہوتا ہے آبادی یہاں کی تخمیناً تین چار کروڑ ہے - جو زمین سال بھر تک تخم ریزی سے خالی رہتی ہے وہ سرکار میں ضبط ہو جاتی ہے بیگمیں کی نوکدار ٹوپی پہنتے ہیں - مکان میں اسباب کم اور صفائی زیادہ ہوتی ہے - جہاں لڑکے نے ہوش سنبھالا باپ نے گھر بار سپرد کیا -

# ملک کوریا

جزیرہ نما چین کے مشرق مین یہہ ملک ہے تو بہت
چہوٹا ۔ مگر نہایت سبز گلذار ۔ پہلے اس ملک مین غیر ملک
والا کوئی جانے نہین پاتا تہا ۔ تقریباً ۱۸۸۳ءمین
وہان کا رستہ کہلا ۔ یہان کا راجہ علیحدہ تہا ۔ مگر
چین والون کا ماتحت سمجہا جاتا تہا ۔

## باشندے

یہان کے آدمیون کی شکل مثل جاپانیون کے
ہوتی ہے ۔ تحریر چینی خط مین کرتے ہین ۔ آدمی یہانکے

نہایت مضبوط قد اور جوان ہوتے ہیں ۔ رنگ گورا

سپید ہے اور نیک بخت مگر شراب خواری کی کثرت

اور تنباکو پینے کا ہر شخص ایسا عادی ہے کہ اگر بیاڑوں

سے بہی کام کرتا ہوگا تو بہی ایک ہاتہہ بہر کا حقہ ضرور

رکہے گا ۔ اسیواسطے وہان کے پانچ آدمی اتنا کام نہین

کرتے جتنا ہمارے ملک کا ایک آدمی بڑے صابر اور

بے پروا ہوتے ہین ۔ مکان کے اندر سیواے

چٹائی لکڑی کا تکیہ اور پردہ کے اور کچہہ سامان

عیش کا نہین رکہتے ۔ بظاہر یہی وجہ ہے ۔ کہ کوئی

روپیہ پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے ۔ نہ اوسے

جمع کرنے کی اون لوگون کو اگر کچہہ فکر ہوتی ہے تو

موسم سرما کے واسطے سرمایہ جمع کرنے کی اس ملک میں کوئی قرض بہی نہین لیتا - تجارت بہی بہت کم ہے کیونکہ اون کو کسی چیز کے خریدنے کی خواہش ہے اور نہ بیچنے کی ضرورت - ایسے سادہ مزاج ہین کہ اگر کسی شخص کے پاس روپیہ ہو تو وہ سرکار مین جمع کر دیتا ہے -

## رسم و رواج

دن بہر عورتین مکانات مین بند رہتی ہین - مرد باہر کاروبار کرتے پہرتے ہین - مگر شام ہوتی ہے سب مرد مکان کے اندر گہس جاتے ہین - اور عورتین گلی کوچوں

و بازارون مین نکلکر کام کرتے ہین - عورت کو جب
بچہ پیدا ہوتا ہے تو وہ اوٹھکر کام دہندے سے
لگ جاتی ہے - اور اوس کی جگہہ مرد زچہ بنکر
بیٹھہ جاتا ہے -
(نوٹ منجانب مولف) خوب مرد کی سزا یہی ہے
جس نے بچہ پیدا کیا - جنایا

## گورنمنٹ

راجہ یہان کا خود مختار ہے - راجہ کے ماتحت
بہت سے چہوٹے رئیس ہین - علم کی قدر بہت زیادہ
(نوٹ) اگر وقت ملا تو اس کے تفصیلی حالات

حصہ دوم مین لکہے جائین گے۔

## ملک برہما۔

یہہ ملک ہندوستان کے مشرق مین بنگالہ سے آگے ہے۔ وسعت مین بنگال اور آسام کے مجموعہ کے برابر ہے۔ شمال مین سرحد چین سے ملا ہوا ہے۔ پہلے یہان ایک بدھ مذہب کا بادشاہ تہا مگر عرصہ ہوا کہ اس کو انگریزون نے فتح کر لیا اب اس مین ہندوستانی لوگ بہت پہونچ گئے ہین۔ اور ہر قسم کے محکمے کہل گئے ہین۔ اس ملک مین یاقوت نیلم وغیرہ کی بڑی مشہور کانین ہین

جس کی وجہ سے یہہ ملک بڑا مالدار ہے - اور بہی
بہت سے قیمتی اشیاء تجارتی یہان پیدا ہوتے
ہین - مٹی کا تیل اسی جگہہ سے دنیا بہر مین جاتا ہے
لکڑی بہی یہان سے لاکہون روپیہ کی جاتی ہے
اس کا پایہ تخت مانڈلے ہے - اور اس مین
بڑے بڑے شہر پیگو - رنگون - اکیاب - مول
مین وغیرہ ہین - دریاے ایراوتی گیارہ سو میل لمبا
ہے - اس مین جو ایک پہاڑ ہے اوس کا نام یوم ہے -

## پیداوار

یاقوت نیلم - اور جواہرات کی کانین بکثرت ہین

ایک میدان سو میل لنبا - اوتنا ہی چوڑا ہے اوسمین
ہر جگہ لعل عنبر سنگ سلیمان وغیرہ بیش قیمت
جواہرات نکلتے ہین - پایہ تخت سے پندرہ میل
پر سنگ مرمر کی بڑی عمدہ کان ہے - دریاے
ایراوتی کے کنارہ سو سے زیادہ کنوین ہین جو
سو گز گہرے ہین - جو سو گز گہرے ہین - ان مین
مٹی کا تیل بھرا ہے - یہہ تیل اوبل کر باہر نکلتا ہے
اور ہر سال قریب قریب تین لاکھہ من کے ہاتھہ
لگتا ہے - چاول ایک سو دو قسم کا ہوتا ہے - ایک
قسم کا گوند جو رنگنے کے کام مین آتا ہے لاکھون روپیہ
کا ہر سال امریکہ کو جاتا ہے - ساگوان کی لکڑی تمام

دنیا بھر مین سب سے زیادہ یہان ہوتی ہے۔

## آدمی

بڑے مضبوط کثرتی جوان ہوتے ہین۔ ورزش کھیل شکار وغیرہ مین کوئی ان کی ہمسری نہین کرسکتا سر پہ گھنے بال ہوتے ہین۔ مگر داڑھی مونچ بالکل نہین چہرہ کا نقشہ قریب قریب چینیون کے ہوتا ہے۔

## خوراک

چانول امیر غریب کھاتا ہے۔ صبح وشام کئی وقت کھانے کے لئے مقرر ہین۔ سوکھائی ہوئی مچھلیا ان اکثر

سرخ چیونٹیون کا آچار چٹنی بنا کر کہاتے ہین۔ چاے بکثرت پیتے ہین۔ پان کہانے کے ازحد شوقین ہین

## لباس

لہنگا عورتین پہنتی ہین۔ اور جاکٹ طلائی زیور تقریبون مین پہنتے ہین۔ مرد دہوتی باندہتے ہین یا ڈہیلا پائجامہ۔ پہنتے ہین۔ کرتہ اور جاکٹ یا لنبا انگرکہا پہنتے ہین۔ گلے مین کالر لگاتے ہین سر پر پگڑی پہنتے ہین۔ کان اور گردن مین ہندوون کی طرح زیور پہنتے ہین۔

## مکانات

سرکاری کچہریاں اور محل اور مندر وہرم
سارے تو نہایت عالیشان اور وضعدار بناتے ہین
مگر عموماً لوگ چھپر کے جھوپڑون مین رہتے ہین۔
کیونکہ پکا اینٹ کا مکان بنانا ہر شخص کے واسطے
قانوناً ممنوع ہے۔ سب مکان یک منزلہ ہوتے
ہین۔ اور چھت کی جگہ اکثر چھپر ہوتا ہے۔
دیوارین بہت کم صرف کھمبون پر کھڑی رہتی ہین
مکان کے آگے صحن بہت زیادہ رکھتے ہین سامان
آرایشی بالکل نہین رکھتے۔

## عادات

کوئی امیر ہونا نہین چاہتا جس کے پاس

زیادہ دولت جمع ہوجاتی ہے تو خیرات یا دعوت مین
خرچ کردیتے ہین - زیادہ بکھیڑے اور فکر کو پسند
نہین کرتے - ہر وقت مگن و بےفکر رہنا غنیمت
سمجھتے ہین - ہر روز صبح کو نہاکر سیر کرنا بہت
ضروری سمجھتے ہین - یارون مین بیٹھکر غپ شپ
اوڑانا یا اپنا کھیت وغیرہ دیکھنا اسطرح دن کاٹتے
ہین - کوئی مصیبت ایسی نہین جس کو یہ ہنسی ہنسکر
برداشت نکرے - مٹی کی ہنڈیا مین پکاتے
اور مٹی کی رکابیون مین کھاتے ہین - چمچے لکڑی کے
ہوتے ہین - جوا کھیلنے کے بڑے عادی ہین شادی
غمی مین بہت روپیہ خرچ کرتے ہین - سال مین صرف

ایک فصل کہیت مین بوتے ہین - لکڑی مین جالی اور
بیل بوٹا بناتے ہین - بڑی مہارت رکہتے ہین
فٹ بال کا کہیل دنیا بہر مین سب سے اچہا کہیلتے ہین

## رسمیات

یہان ہی چین کی طرح سے بادشاہ ہر سال
تہوار کے روز اپنے ہاتہہ سے ہل چلاتا ہے -
لڑکیون کے کان چہیدنے کی رسم بارہ برس کی
عمر مین بڑے دہوم سے ادا کی جاتی ہے - ہر شخص
اپنے جسم مین لیلا گدواتا ہے - منتر جنتر جسم پر
کہدواتے ہین - ہر ایک لڑکا بارہ برس کی عمر مین

ہندر کی نظر کیا جاتا ہے - یہہ رسم بڑی دہوم
دہام سے ادا کی جاتی ہے - سفید ہاتہی بادشاہی
فیل خانہ مین رہتا ہے - اوس کی پوجا سب لوگ
کرتے ہین - جس کو ہندو بہی اندر کا ہاتہی سمجہکر
پوجنے کو جاتے ہین - مرد عورت دونون ملکر پوجا
کرتے ہین - اور بالکل مسلمانون کی نماز کیطرح سے
اوٹہتے بیٹہتے ہین - بچہ جب پیدا ہوتا ہے تو
ہندوستانی عورتون کی طرح زچہ نبکہ بیٹہتی ہین -
زچہ کو گہٹی پلائی جاتی ہے - بچون کا جنم پتر بنتا ہے
ہر شخص اپنی عمر مین کئی مرتبہ اپنا نام بدلتا ہے اور
اوس کی اطلاع اپنے دوستون کو دیتا ہے - ایک

ایک بنڈل چار رکا اور ایک خط بہیجا جاتا ہے جس مین
لکہا ہوتا ہے کہ یہہ چار فلان نیا زمند نے بہیجی ہے
اس کو کہائے اور آیندہ اوس کو اس نام سے
نہ پکارئے ۔ اب آیندہ اوس کا نام فلان رکہا
گیا ہے ۔ شادی مانباپ نہین کرتے بلکہ مرد عورت
اپنی مرضی سے پسند کرکے کرتے ہین ۔ طلاق کا
رواج نہین ۔ مردے کو جلاتے ہین آدہے کے قریب
جب جل جاتا ہے خاک سے نکالکر دفن کردیتے ہین

## زبان

لفظ بہت چہوٹے ہوتے ہین ۔ اور اون کے

معنی بہت پیچیدار ہندی کی طرح بائیں طرف سے
لکھی جاتی ہے ۔ اکثر تمام کتابیں تاڑ کے پتوں پر
لکھی جاتی ہیں ۔ پچیس فیصدی آدمی برہمہ کے
خواندہ ہوتے ہیں ۔ عورت مرد دونوں برابر
پڑھتے لکھتے ہیں ۔

(نوٹ) میری رائے میں ہندوستان میں
تو اوسط خواندوں کی صرف دس پندرہ فی صدی کا
بھی مشکل سے نکلینگے

## گورنمنٹ

آج کل تو انگریزی راج ہے ۔ مگر اس سے پہلے

راجہ خود مختار مالک تھا۔ محلوں کے اندر تبدیر تھا تھا۔ کسی کی مجال نہ تھی کہ اوس کے طرف آنکھ اوٹھا کر دیکھہ سکے۔ سب اوس کا نہایت محبت کے ساتھ ادب کرتے تھے۔ اکثر خواص اور شاہی خدمتگار بڑہکر وزیر تک پہنچ جاتے تھے۔ پائے تخت کا شہر بالکل مربع ایک میل سے زیادہ لنبا عمدہ نقشہ پر بسا یا ہے۔ چاروں طرف شہر پناہ مضبوط ہے جو دس گز بلند ہی جس کے بارہ دروازہ ہین۔

## برہما کے سوانگ

دنیا بہر مین کوئی ملک تہیٹر و ناٹک کا اس قدر

شوقین اور اوستاد نہین جیسا یہہ ملک ہے۔ کوئی برہمی ایسا نہین جو اپنی عمر مین کبہی سوانگ نہ بنا ہو۔ ٹیسو نکلتی ہین نہ نٹون کے کہیل پہلوانون کے کرتب۔ اور دیگر کہیل ہوتے ہین۔ کوئی مرد عورت ایسی نہین جو اچہی طرح گانا یا ناچنا نہ جانتی ہو۔

# مُلک تبت

یہہ ہندوستان کے شمال مین ایک بڑا وسیع ملک ہے۔ بہوٹان سے لیکر کشمیر تک برابر اسی کی سرحد ہے۔ یہہ ملک بہت بلند ہے۔ جہیلین اس

ملک مین گئی ہین - جن مین ایک کالی جھیل ڈہائی
سو میل کے دور مین ہے - اس مین ایک جزیرہ
سات سو میل چوڑا ہے - اوس مین صرف چند
فقیر لوگ رہتے ہین - جاڑے دن کے موسم مین جب
تمام جھیل کا پانی جم کر برف بنجاتا ہے تب لوگ
اوس ٹاپو مین جا کر ان فقیرون کو کھانا کھلاتے ہین
یہان کے دریاؤن پر رسیون سے نہایت مضبوط
چوڑے اور خوبصورت پُل بنے ہوئے ہین -
اوپر کی رسیون کو پکڑ کر نیچے کی ٹاٹ باقی سڑک پر
مسافر بے کھٹکے چلتا ہے - اور تمام پل اچھی طرح
ملتا ہے - دریاؤن کا سفر کرنے کے واسطے بہتیے

کہال کے اندر ہوا بھر کر اوسے پہیلا لیتے ہین - اور دریا کی سیر کرتے ہین - گرمی و برسات کا کوئی نام بہی نہین جانتا - ۱۲ مہینہ جاڑہ کا موسم رہتا ہے

## پیداوار

سہاگہ - گندک - شورہ - کے سوا یہان سونا بہت جگہہ نکلتا ہے - درخت بالکل پیدا نہین ہوتے - مگر سبز گہانس کے میدان جابجا پائے جاتے ہین - ایک نئے قسم کا جانور سور اگائے صرف اسی ملک مین پیدا ہوتا ہے - اس کو گو لوگ پالتے ہین مگر ٹہیک حکم نہین مانتا - ہر وقت ناک مین نکیل

رہتی ہے ۔ تب لکڑی کے بل کام کرتا ہے ۔ بوجھ
اٹھانے مین یکتا ہوتا ہے ۔ پہاڑی دشوار گذار
راستے جہان سوائے بکری کے اور کوئی جانور نہین
چڑہ سکتا ۔ یہہ بلا تکلف جاتا ہے ۔ اور راستہ مین
اگر دانہ پانی کچہہ نہ ملے تو بہی کسی نہ کسی طرح اپنا گذر
کر لیتا ہے ۔ گاہ گاہ مسافر اس پر سوار بہی ہوتے ہین

## باشندے

آدمی یہان کے مثل چینیون کے ہوتے ہین
بہت مضبوط ۔ گورے رنگ کے بدہ مذہب کے
ہیں ہر مرد لنبا چوغا پہنکر کمر کستا ہے سر پر ٹوپی

ہر شخص کے گلے بین تعویذ - اور کان بین بالیان
پہنتا ہے - عورت بہی ایسا ہی چوغا پہنکر کمر باندہتی
ہے - اوپر بہیڑ کی کہال اوڑہتی ہے - جو کچہہ زیور
ہوتا ہے اوس کو سر کے اوپر باندہ لیتی ہے - برسون
کبہی مرد عورت نہین نہاتے - صرف ہولی دلوالی
کپڑے بدل لیتے ہین - مگر ان کی تندرستی بین فرق
نہین آتا - مضبوط بہی ایسے ہوتے ہین کہ عورت بہی
دو من بوجہہ رکہکر پہاڑ پر چڑہ جاتی ہے -

## (مکانات وخوراک)

خاص قسم کے بنتے ہین - ہر ایک مکان سہ منزلہ

ہوتا ہے۔ نیچے کے درجہ مین مویشی رہتی ہین۔
اور ایندھن وغیرہ جمع رہتا ہے۔ بیچ کی منزل مین
مالک مکان رہتا ہے۔ سب سے اوپر ہر ایک
مکان مین مندر ہوتا ہے۔ خوراک عام طور سے
جو کے آٹے کے ستو جو ہر شخص اپنے پاس رکھتا ہے
جہان ذرا پانی ملا گھولے اور کھائے۔ چار دن بھر
مین تین چار مرتبہ پیتے ہین۔ (نوٹ منجانب مولف) بقول تحصیک
ستو مین بھتو جب گھولے جب کھائے

## رسم و رواج

ایک عورت کے کئی خاوند رہتی ہے۔ شادی
بہت چھوٹی عمر مین ہو جاتی ہے۔ سب سے بڑے

